## وزیراعظم صوبوں کوصوبائی خودمختاری دینے کا بھی اعلان کردیں اس سے ملک کمزورنہیں بلکہ مضبوط تر ہوگا، الطاف حسین

## مخلوط حکومت میں شامل ہونے کا بنیادی مقصد سندھ میں قیام امن اور دیہی وشہری تفریق کا خاتمہ ہے

## عزیز آباد میں حق پرست وزراء کی حلف برداری کی مبارکباد کیلئے جمع ہونے والے کارکنان سے خطاب

کراچی۔۔۔2،مئی2008ء(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ صوبوں کومکمل صوبائی خودمختاری دینے سے وفاق کمزورنہیں بلکہ مضبوط ہوگیا اور ملک میں ایک قوم کا تصورمضبوط ہوگا۔ انہوں نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ تمام صوبوں کوصوبائی خودمختاری دی جائے ،کنکریٹ لسٹ کا خاتمہ کیا جائے ،این ایف سی ایوارڈ میں سندھ کواس کا جائزحق دیا جائے اور تمام صوبوں کے وسائل پران صوبوں کے عوام کوحصہ دیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے پیپلزپارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوردونوں جماعتوں کی مذاکراتی کمیٹی میں شامل افراد کا کامیاب مذاکرات کرنے اور مذاکرات میں اہم کرداراداکرنے پران کا شکریہ ادا کیا ہے اورمبارکباد دی ہے۔ وہ جمعہ کی شب متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزراء کی حلف برداری کے بعد نائن زیرو پرمبارکباد دینے کیلئے جمع ہونے والے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پررابطہ کمیٹی کے اراکین ،حق پرست صوبائی وزراءاوراراکین سینیٹ ،قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اورکارکنان بھی موجود تھے۔ اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے سندھ کی مخلوط حکومت متحدہ موومنٹ کی شمولیت پرتمام ذمہ داران اورکارکنان کودل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ کئی دنوں سے مذاکرات کا جوسلسلہ چل رہا تھا بالآخراللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ کامیابی کی منزل تک پہنچے اورمتحدہ قومی موومنٹ اور پیپلزپارٹی کے ساتھ حکومت میں شامل ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں مذاکرات کی کامیابی کیلئے کوششیں کرنے پرپاکستان پیپلزپارٹی کے شریک چیئرمین آصف زرداری، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداورمتحدہ قومی موومنٹ اورپیپلزپارٹی کی مذاکراتی کمیٹی کے اراکین کا فرداًفرداً شکریہ ادا کرتا ہوں اورانہیں بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پیپلزپارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کی مخلوط حکومت کوکامیاب کرے اوردونوں جماعتوں کے درمیان بہتر انڈاسٹینڈنگ پیدا کرے تاکہ یہ مخلوط حکومت اپنی مدت پوری کرے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا مخلوط حکومت میں شامل ہونے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ پیپلزپارٹی اورایم کیوایم دونوں ملکرسندھ میں امن قائم کریں اورصوبہ سندھ سے دیہی وشہری کی تفریق کا خاتمہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کا جینا مرنا سندھ دھرتی وابستہ ہے، سندھ میں امن ہوگا توخوشحالی ہوگی اورملکی وبین الاقوامی سرمایہ کاری کے ادارے صوبہ سندھ میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کریں گے اورصوبے میں زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع میسرآئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ وفاق میں ہرسال 70 فیصد ٹیکسز اورریونیوکی مد میں صرف صوبہ سندھ کا حصہ ہے اورجتنی زیادہ سندھ میں سرمایہ ہوگی اتنی ہی زیادہ سندھ کے عوام کی خوشحالی ہوگی اورسندھ کی خوشحالی سے پاکستان خوشحال ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں اب پیپلزپارٹی اورمتحدہ قومی موومنٹ کی مخلوط حکومتیں بن چکی ہیں اوراس ملاپ کا بنیادی مقصد وزارتوں کا حصول نہیں بلکہ سندھ اوراس کے عوام کی خدمت کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلزپارٹی اورمتحدہ قومی موومنٹ ایک سیاسی قوت ہے، اب متحدہ قومی موومنٹ اورپیپلزپارٹی مل کرسندھ کے غصب شدہ حقوق حاصل کرنے کیلئے متحد ہوکرجدوجہد کریں گے، سندھ کے حقوق حاصل کریں گے، این ایف سی ایوارڈ میں سندھ کا جوحصہ بنتا ہے وہ حاصل کریں گے ہم وفاق سے یہ کہیں گے کہ سندھ کے وسائل کا حصہ جوہے وہ صوبہ سندھ کودیا جائے جیسا کہ آج وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی نے بلوچ رہنماء کی رہائی کا اعلان کیا ہے ہم اس کا خیرمقدم کرتے ہیں، ہمارا ہمیشہ سے یہ مطالبہ رہا ہے کہ بلوچستان کے حق کوتسلیم کیا جائے، اسی طرح سندھ کا حق تسلیم کیا جائے، سرحداور پنجاب کا بھی حق تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کے تمام عوام کوخوشحال دیکھنا چاہتے ہیں اوروزیراعظم پاکستان سے اپیل کریں گے کہ جب وہ اتنے اچھے اچھے اقدامات کررہے ہیں توان ہی کے دست مبارک سے صوبائی خودمختاری کا اعلان بھی ہوجائے کیونکہ صوبوں کوجتنی خودمختاری دی جائے گی اس سے پاکستان اتنا ہی مضبوط ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو یہ سوچ رکھتے ہیں کہ صوبائی خودمختاری ملنے سے وفاق کمزورہوگا، ان کی سوچ غلط ہے۔ وفاق کی اکائیوں کوجتنے حقوق اورصوبائی خودمختاری دی جائے گی اس سے پاکستانیت اورایک قوم کا تصورابھرکا سامنے آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور برطانیہ کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں جہاں مختلف ریاستوں کے پرچم اور زبانیں الگ الگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج جن حق پرست وزراء نے حلف لیا ہے آصف زرداری اورقائم علی شاہ ان کو پیپلزپارٹی کا وزیرسمجھیں اورپیپلزپارٹی کے وزیرکوہم ایم کیوایم کا وزیرسمجھیں گے۔ انہوں نے حق پرست وزراء کوہدایت کی کہ وہ عوام کی بلاامتیاز سیاسی وابستگی، رنگ نسل، زبان اورمذہب سب کی عملی خدمت کریں، جب آپ اپنی گاڑی پرپاکستان کا پرچم لگاتے ہیں توآپ پرلازم ہوجاتا ہے کہ جوآپ اپنی بساط کے مطابق عوام کی خدمت کریں، اپنے آپ کوبادشاہ، شہزادہ، جاگیردارنہ سمجھیں اورکارکنوں سے پیار اورمحبت سے پیش آئیں کیونکہ ان کوملنے والے یہ اعزاز کارکنوں کی رات دن کی محنت کا نتیجہ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام وزراءخودکوکرپشن سے دوررکھیں اورعوام کی

عملی خدمت کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے قومی وصوبائی اسمبلی کے ارکان کوان کی ناقص کارکردگی دیکھتے ہوئے نتائج کی پرواہ کئے بغیر انہیں ان کے منصب سے ہٹادیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ حق پرست وزراءایمانداری، دیانتداری سے اپنی ذمہ داری پوری کریں گے،غرور،تکبر کا شکارنہیں ہوں گے اوراپنی ذمہ داری کوفرض شناسی کے ساتھ پورا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست وزراءصرف کراچی کے وزیرنہیں ہیں بلکہ پورے سندھ کے وزیر ہیں جیسے سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال نے صرف یہ نہیں کیا کہ جہاں ان کے ٹاؤن ناظم ہیں ان علاقوں میں ہی عوام کی خدمت کی بلکہ انہوں نے لیاری، کیماڑی اور بھٹ شاہ میں پانی پہنچایا۔جناب الطاف حسین نے پیپلزپارٹی اورمتحدہ قومی موومنٹ مذاکرات کی کامیابی کے سلسلے میں کوششیں کرنے پر بزنس کمیونٹی کاشکریہ بھی ادا کیا۔

## ایم کیوایم حیدرآباد سیکٹرڈی کے ممبر ندیم شاہ کے انتقال پرالطاف حسین اظہارافسوس

لندن۔۔02 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹرڈی کے ممبر ندیم شاہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم ندیم شاہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں اورآپ کے ساتھ ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ندیم شاہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرےاورسوگواران یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم 13اراکین اسمبلی نے وزارتوں کا حلف اٹھالیا

## حلف برداری کی تقریب گورنر ہاؤس میں منعقد ہوئی،معزز مہمانان گرامی کی شرکت

## نومنتخب وزراء کی پاپوش نگراورشہداء قبرستان جاکر قائدتحریک کے والدین سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پرحاضری، پھولوں کی چادرچڑھائی

کراچی۔۔02 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والے 13 اراکین سندھ اسمبلی نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس میں گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد سے اپنے عہدوں کا حلف لیا۔گورنرسندھ ڈاکٹر عشرت العباد نے وزراء سے حلف لیا۔حلف برداری کی تقریب جمعہ کے روز گورنر ہاؤس میں منعقد ہوئی جس میں وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ،قائمقام سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار،شیخ لیاقت حسین اورپیپلزپارٹی کے رہنماء پروفیسراین ڈی خان کے علاوہ معززمہمانان گرام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ایم کیوایم کی جانب سے حلف لینے والے وزراء میں فیصل علی سبزواری،محترمہ نادیہ گبول،رضاہارون،رؤف صدیقی،ڈاکٹرمحمدعلی شاہ،عادل صدیقی،عسکری تقوی،زبیراحمدخان،عبدالحسیب،سیدشعیب احمد بخاری اورڈاکٹرصغیراحمد شامل ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کے وزراء نے حلف لینے کے بعد پاپوش نگراورشہداء قبرستان جاکرایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین والدین، بھائی ناصرحسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہیدسمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پرحاضری دی اورپھولوں کی چادریں چڑھائی۔اس موقع پرانہوں نے حق پرست شہداء کے ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر ڈی کی کمیٹی کے رکن ندیم شاہ انتقال کرگئے، رابطہ کمیٹی اورآئی ایس ٹی سی کا اظہار تعزیت
## نماز جنازہ اور تدفین میں اراکین اسمبلی، ناظمین اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت

کراچی ۔۔02 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹر ڈی کی کمیٹی کے رکن ندیم شاہ طویل عرصہ علالت باعث انتقال کرگئے،(انا اللہ وانا الیہ راجعون ) مرحوم کی عمر 37 سال تھی اور عرصہ دراز سے جگر کے سرطان کے موذی مرض میں مبتلا تھے ۔مرحوم قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اور انہوں نے سوگواران میں بیوہ چار بچے چھوڑے ہیں۔دریں اثناء ندیم شاہ کو ما بن شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،ڈسٹرکٹ ناظم ،تعلقہ ناظم، نائب ناظم، یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے ذمہ داران،سیکٹرز ویونٹوں کے عہدیداران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی نے بھی ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر ڈی کی کمیٹی کے رکن ندیم شاہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

☆☆☆☆☆